Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

26 اگست 2014

برائے رابطہ: برائن آسمس، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

امریکی حکومت کے انگریزی زبان کی تربیت کے پروگرام میں 200 نئے طلبا کی شمولیت

کراچی۔امریکی حکومت کے تعاون اور غیر سرکاری تنظیم Evolution کے زیر انتظام انگریزی زبان کی تربیت کے پروگرام 'انگلش ایکسز مائیکرو اسکالرشپ پروگرام' (ACCESS) میں 200 نئے طلبا کو شامل کر لیا گیا ہے۔اس موقع پر ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں طلبا اور ان کے اساتذہ نے شرکت کی۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کراچی میں متعین امریکی قونصل جنرل برائن ہیتھ نے کہا کہ 'تعلیم ترقی کی کنجی ہے۔مجھے خوشی ہے کہ انگریزی زبان کی تربیت مکمل کرنے کے بعد یہ طلبا ایسی صلاحیتیں حاصل کر سکیں گے جو ان کی پیشہ ور آنہ زندگی میں نہایت کارآمد ثابت ہوں گی۔' قونصل جنرل کا مزید کہنا تھا کہ 'تعلیم لوگوں کو بہتر فیصلے کرنے کے قابل بناتی ہے اور اس کے ذریعے وہ اپنے حقوق کا موثر دفاع کر سکتے ہیں۔تعلیم رواداری کو بھی فروغ دیتی ہے جو قیام امن اور ترقی کیلیے بہت ضروری ہے۔'

ACCESS امریکی حکومت کا بہت اہم منصوبہ ہے جس کے ذریعے ملک بھر میں ہزاروں بچوں کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔پاکستان میں جاری 'انگلش ایکسز مائیکرو اسکالرشپ پروگرام' (ACCESS) دنیا بھر میں اپنی نوعیت کا سب سے بڑا منصوبہ ہے۔اس پروگرام کے تحت کم آمدنی والے علاقوں سے تعلق رکھنے والے 14 سے 18 سال کی عمر کے 5 ہزار سے زائد پاکستانی طلبا کو انگریزی کی تربیت فراہم کی جاتی ہے۔یہ طلبا معمول کی کلاسوں کے بعد اور گرمیوں کی تعطیلات میں اپنی انگریزی کی صلاحیتوں کو بہتر بناتے ہیں۔2004 میں شروع ہونے والے اس منصوبے سے 85 ملکوں میں 95 ہزار سے زائد طلبا فائدہ اٹھا چکے ہیں۔

####